حقوق دانش کی خلاف ورزی

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

ہیڈ آفس

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 92 42 111 111 456

فیکس 92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

ستمبر 2018

ریجنل آفس پنجاب

بلڈنگ نمبر 3، فلور: 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: (042) 111-111-456

فیکس نمبر: (0423)36304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

ریجنل آفس سندھ

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: (021) 111-111-456

فیکس نمبر: (021) 35610572

helpdesk-khi@smeda.org.pk

ریجنل آفس خیبر پختونخوا

دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور

ٹیلی فون: (091) 9213046-47

فیکس نمبر: (091) 286908

helpdesk-pew@smeda.org.pk

ریجنل آفس بلوچستان

بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702

فیکس نمبر: (081) 2831922

helpdesk-qta@smeda.org.pk

1۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

2۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

اس دستاویز کا مقصد ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری خواتین و حضرات، بشمول خدمات فراہم کرنے والے اپنے کاروباری لین دین میں ملتے جُلتے حالات و واقعات کے رونما ہونے اور اُن سے نمٹنے کے بارے میں آگاہی حاصل کرسکیں۔

3۔ اظہار لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس طرح کے معاہدہ جات کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگر چہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ عملی طور پر طے کردہ شرائط مختلف حالات میں مختلف ہوسکتی ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ کاروباری خواتین و حضرات بشمول خدمات فراہم کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ تاہم دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

یہ نمونہ معاہدہ سمیڈا کا تیار کردہ ہے۔ SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

دستاویز

دستاویز نمبر	G-5
تیار کردہ	سمیڈا پنجاب
مزید معلومات	پراونشل چیف پنجاب janjua@smeda.org.pk

تاریخ.........................

وصول کنندہ کا نام..............................

وصول کنندہ کا عہدہ..............................

وصول کنندہ کا پتہ..............................

عنوان: حقوق دانش کی خلاف ورزی

جناب والا!

حال ہی میں ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپ نے ہمارے حقوق دانش کی خلاف ورزی کی ہے۔ یہ خلاف ورزی آپ نے اپنے حالیہ کام باعنوان (نام لکھیں) میں ہمارے درج ذیل سندیافتہ کام کے حوالے سے کی ہے:

1۔ ....

2۔ ....

3۔ ....

بدقسمتی سے آپ کے یہ افعال ہمارے حقیقی اور تخلیقی کام میں خرد برد اور اُن کے غلط استعمال کے زمرے میں آتے ہیں اور اُن کی وجہ سے ہمیں ہمارے حقوق دانش سے حاصل ہونے والے فوائد، استحقاق اور منافع سے محروم ہونا پڑ رہا ہے۔

چونکہ ہم نے آپ کو اپنے حقوقِ دانش کے تجارتی مقاصد کے استعمال کی قطعاً کوئی اجازت نہ دی ہے لہٰذا آپ سے بروئے اطلاع نامہ ہذا مطالبہ کیا جاتا ہے کہ آپ فی الفور ہمارے حاصل شدہ حقوقِ دانش کے ذاتی استعمال اور بشمول کسی تیسرے فرد کو اس کے استعمال کی اجازت سے باز و ممنوع رہیں۔

ہم آپ سے اس معاملہ پر تحریری وضاحت اور معافی کا بھی مطالبہ کرتے ہیں لہٰذا آپ کو نصیحت کی جاتی ہے کہ آپ زیر دستخطی سے جلد از جلد ملاقات کریں تا کہ اس معاملہ کا کوئی معقول حل تلاش کیا جا سکے۔ براہِ مہربانی یاد رہے کہ اگر ہمیں آپ کی طرف سے اس اطلاع نامہ کی آپ کو وصولی کے..................دن تک کوئی جواب موصول نہ ہوا تو ہم آپ کے خلاف ہمارے حقوقِ دانش کی خلاف ورزی کی بنا پر قانونی کارروائی کرنے میں حق بجانب ہوں گے اور یہ کارروائی آپ کے اندیشہ نقصان اور اخراجات پر ہوگی اور اس بابت مزید کوئی اطلاع نامہ آپ کو نہیں دیا جائے گا۔

شکریہ

بھیجنے والے کا نام و دستخط..............................

بھیجنے والے کا پتہ..............................

بھیجنے والے کا عہدہ..............................